© rasailojaraid.com

تبصرے

پیامبر دی میسنجر جلد سوم :- از مسٹر ایل بی الول سٹن۔ تقطیع متوسط ضخامت ۲۹۰ صفحات۔ ٹائپ عمدہ و جلی قیمت مجلد Rs 13/- پتہ :- شیخ محمد اشرف تاجر کتب و پبلشر کشمیری بازار۔ لاہور (مغربی پاکستان)

یہ آقائے زین العابدین رہنما کی اسی فارسی زبان کی معرکۃ الآرا کتاب کے انگریزی ترجمہ کی تیسری جلد ہے جس کی پہلی دو جلدوں پر ان صفحات میں علی الترتیب تبصرہ ہو چکا ہے اس جلد میں ہجرت سے لیکر آنحضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات تک کے حالات یعنی مدینہ میں آپؐ کا ورود مسجد نبوی کی تعمیر، مہاجرین و انصار میں مواخات، غزوات، دعوتی اور تبلیغی خطوط، حضرت عائشہؓ سے نکاح حضرت فاطمہؓ اور حضرت علیؓ کا نکاح، حجۃ الوداع، مرض اور وفات کا بیان ہے، معلوم نہیں اصل کتاب کی زبان کیسی ہوگی۔ ابتک اس کے بائیس ایڈیشن اور مختلف زبانوں میں تراجم شائع ہو چکے ہیں، انگریزی ترجمہ کی شیرینی اور حلاوت کا یہ عالم ہے کہ ایک مرتبہ اسے ہاتھ میں لینے کے بعد ختم کئے بغیر رکھ دینے کو جی گوارا نہیں کرتا مصنف شیعی معلوم ہوتے ہیں لیکن وسعتِ نظر اور بے تعصبی اس درجہ ہے کہ جہاں حضرت عائشہؓ اور حضرت علیؓ میں رنجش پنہاں کا تذکرہ ہے وہاں دو تین فقروں کے سوا اور پوری کتاب میں کہیں مصنف کا شیعی ہونا صاف طور پر ظاہر نہیں ہوتا، اگرچہ مصنف نے حوالہ کہیں نہیں دیا ہے اور جو کچھ لکھا ہے ایک کہانی کے انداز میں لکھا ہے تاہم اس جلد کے آخیر میں ان کتابوں کے نام درج کر دیئے ہیں جو کتاب کی تصنیف کے وقت مصنف کے پیش نظر رہی ہیں امید ہے یہ جلد بھی سابق جلدوں کی طرح مقبول ہوگی۔

الادب العربي بين عرض ونقد :- مرتبہ مولانا محمد رابع الحسنی الندوی۔ تقطیع متوسط ضخامت ۱۴۴ صفحات ٹائپ باریک اور روشن قیمت چار روپیہ پتہ :- مکتبہ دار العلوم ندوۃ العلماء۔ لکھنو۔

فاضل مولف ندوۃ العلماء لکھنو میں عربی زبان و ادب کے استاد ہیں عام مدارس عربیہ کے نہج اور ڈھنگ کے برخلاف ادب کے اصول و مبادی اور اس کے مختلف فنی پہلوؤں پر مبصرانہ نظر رکھتے ہیں اس

© rasailojaraid.com